**2022 (مرحلہ 2) کنزمپشن واؤچر اسکیم**

**اسکیم رجسٹریشن سے متعلق معلوماتی نوٹس**

2022 (مرحلہ 2) کنزمپشن واؤچر اسکیم ("اسکیم") کے تحت، مقامی خرچ کرنے کی عادت کو بڑھانے کے مقصد سے ہر اہل شخص کو$5,000 / $10,000 کی جملہ مالیت والے الیکٹرانک کنزمپشن واؤچرز قسطوں کے ذریعے تقسیم کیے جائیں گے، تاکہ معاشی بحالی میں تیزی لائی جا سکے اور ڈیجیٹل معیشت کو ترقی دی جا سکے۔

**<u>اہلیت کا معیار</u>**

اندراج کنندہ کو نیچے دیے گئے معیار کو پورا کرنا چاہیے [نوٹ1]۔

(A)13 جون 2022 کو یا اس سے پہلے 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہونا؛ اور

(B)13 جون، 2022 کو،

(i) ہانگ کانگ کا مستقل رہائشی ہونے کے ناطے جس کے پاس ہانگ کانگ کا ایک درست مستقل شناختی کارڈ ("HKPIC")[نوٹ 2] یا اشخاص کے اندراج کے ضوابط باب 177A (Registration of Persons Regulations, Cap. 177A) کے تحت، کمشنر برائے اندراج کی طرف سے جاری کردہ مستثنیٰ سرٹیفکیٹ ("EC") موجود ہو؛ یا

(ii) ہانگ کانگ کے رہائشی ہونے کے ناطے جس کے پاس ایک درست ہانگ کانگ شناختی کارڈ ("HKIC")[نوٹ 2] یا اشخاص کے اندراج کے ضوابط باب 177A (Registration of Persons Regulations, Cap. 177A) کے تحت، کمشنر برائے اندراج کی طرف سے جاری کردہ مستثنیٰ سرٹیفکیٹ ("EC") موجود ہو، جو ہانگ کانگ اور مکاؤ جانے کے اجازت نامے پر ہانگ کانگ آیا ہے (عام طور پر "یک طرفہ اجازت نامہ" کے نام سے جانا جاتا ہے) یا جس کے پاس مذکورہ بالا (B) (i) کے پاس زیر کفالت منحصر شخص کے بطور ہانگ کانگ میں رہنے کی درست اجازت موجود ہے [نوٹ 3]؛ یا

(iii) جس کے پاس نوٹ 4 کے ساتھ مشروط، ہانگ کانگ کے رہائشی ہونے کے ناطے ایک درست HKIC [نوٹ 2] یا اشخاص کے اندراج کے ضوابط باب A 177 (Registration of Persons Regulations, Cap. 177A)) کے تحت، کمشنر برائے اندراج کی طرف سے جاری کردہ مستثنیٰ سرٹیفکیٹ ("EC") موجود ہو،

[نوٹ 3] اور وہ ان افراد کی اقسام سے تعلق نہیں رکھتے جن کا اوپر (B)(ii) میں حوالہ دیا گیا ہے؛ اور

(C) ہانگ کانگ سے مستقل طور پر روانہ نہیں ہوئے ہیں اور نہ ہی ایسا ارادہ رکھتے ہیں [نوٹ 5]۔

[نوٹ 1: ہانگ کانگ خصوصی انتظامی علاقہ کی حکومت ("حکومت") مخصوص معیارات (یعنی معیار (A) تا (C)) اور انفرادی اندراج ہونے والوں سے متعلق کسی دوسرے عوامل کو مدنظر رکھنے کے بعد انفرادی اندراج کرنے والوں کی اہلیت کا فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، جنہیں حکومت 2022 کنزمپشن واؤچر اسکیم ("اسکیم") کے مقصد سے متعلقہ تصور کرتی ہے (جس میں عوامی فنڈز کے مناسب استعمال کو یقینی بنانا، اسکیم کے غلط استعمال کو روکنا، اور کسی بھی رقم کی تقسیم کو روکنا شامل ہے جو کسی قابل اطلاق قانونی دفعات یا ضروریات کے خلاف ہو۔]

[نوٹ 2: اندراج کرنے والے کو HKPIC یا HKIC کے دستاویزی ثبوت کے سلسلے میں بھی معیار (B) کو پورا کرنے والے کے طور پر تصور کیا جاتا ہے، اگر اس کے پاس HKPIC یا HKIC (یعنی ROP140/ROP140A) کے لیے درخواست جمع کرنے کی درست مدت کو درخواست جمع کیے جانے کا اعتراف موجود ہے۔ اسکیم کے مقصد کے لیے، HKIC سے مراد ایسا شناختی کارڈ ہے جس کے او پر "ہانگ کانگ شناختی کارڈ" کے الفاظ درج ہیں، ہانگ کانگ میں ملاقاتیوں کے طور پر رہنے کی اجازت کے علاوہ۔]

[نوٹ 3: اسکیم کے مقصد کے لیے، "ہانگ کانگ میں رہنے کی درست اجازت" کا مطلب ہے امیگریشن آرڈیننس، باب 115 کے تحت ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت ہے۔]

[نوٹ 4: درج ذیل اشخاص، ہانگ کانگ کے رہائشی ہونے کے باوجود باب 177A کے تحت (جہاں کہیں قابل اطلاق ہو) اندراج کمشنر کی طرف سے جاری کردہ ایک درست HKIC یا EC کے حامل ہیں، جن کے پاس ہانگ کانگ میں رہنے کی درست اجازت ہے، وہ اسکیم کے لیے نااہل ہیں -

- کوئی بھی ایسا شخص جس کا تعلق ہانگ کانگ کے باہر سے ہے اور جو حکومت کی مزدور کی درآمد کی اسکیم کے تحت ایک ٹھیکہ دار مزدورکے طور پر ملازم ہے؛ یا
- کوئی بھی ایسا شخص جو ہانگ کانگ کے باہر سے گھریلو مددگار کے طور پر ملازم ہے؛ یا
- کوئی بھی شخص جو ۔ قونصلر ریلیشنز آرڈیننس، باب 557 کے معنی کے اندر، قونصلر عہدہ کا ممبر ہے؛ یا

- کوئی بھی شخص جو ہانگ کانگ گیریژن کا رکن ہے؛ یا
- کوئی بھی شخص جو مرکزی عوامی حکومت کی تجویز کردہ سفری دستاویز کا حامل ہو۔]

[نوٹ 5: اسکیم کے مقصد کے لیے، اس بات کا تعین کرنے کے سلسلے میں کہ آیا کوئی شخص ہانگ کانگ سے مستقل طور پر چلا گیا ہے یا اس کا ایسا ارادہ ہے، حکومت مندرجہ ذیل عوامل کو مدنظر رکھے گی، لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہیں –

(a) آیا وہ شخص 18 جون 2019 تا 12 جون 2022 کے دوران، سے مسلسل ہانگ کانگ سے غائب ہے، اور اگر ایسا ہے، آیا مذکورہ مدت کے دوران، وہ درج ذیل میں سے ایک ہے:

(i) پورٹیبل کامپرہینسیو سوشل سیکیورٹی اسسٹنس اسکیم کے تحت امداد کا وصول کنندہ، گوانگ ڈونگ اسکیم کے تحت الاؤنس، یا فوجیان اسکیم کے تحت الاؤنس؛

(ii) ہانگ کانگ سے باہر کسی ایسے اسکول/یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کررہا ہے، جسے متعلقہ اتھارٹی نے تسلیم کیا ہو۔

(iii) لیبر ڈیپارٹمنٹ کے زیر انتظام ورکنگ ہالیڈے سکیم کا شرکت کنندہ؛

(iv) طبی وجوہات کی بنا پر ہانگ کانگ سے باہر ہسپتال میں داخل شدہ؛

(v) ہانگ کانگ سے باہر حکومت کے لیے یا ہانگ کانگ میں واقع کمپنی/تنظیم کے لیے عارضی بنیادوں پر فرائض سرانجام دینے والا*؛ یا اس طرح کے فرائض انجام دینے والے خاندان کے کسی قریبی فرد کے ساتھ جانے والا؛ اور/یا

(vi) دیگر غیر معمولی وجوہات (جو کہ حکومت کی طرف سے اس اسکیم کے مقصد کے لیے درستگی کے طور پر متعین کی جا سکتی ہے۔ اور

*اسکیم کے مقصد کے لیے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص ہانگ کانگ میں واقع کسی کمپنی یا تنظیم میں ملازم ہے اور اسے عارضی طور پر ہانگ کانگ سے باہر کام کرنے کے لیے تعینات کیا گیا ہے، اور تعیناتی کے بعد ہانگ کانگ واپس جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔*

(b) آیا اس شخص نے 13 جون 2022 کو یا اس سے قبل اپنے لازمی پراویڈنٹ فنڈ ("MPF") یا MPF قانون سازی کے تحت ہانگ کانگ سے مستقل روانگی کی بنیاد پر 65 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے MPF سے مستثنیٰ پیشہ ورانہ ریٹائرمنٹ سکیموں کے فوائد کی واپسی کے لیے کوئی درست دعوے کی درخواستیں جمع کرائی ہیں اور

(c) آیا اس شخص کے پاس 13 جون 2022 سے مقامی طور پر جاری کردہ HKPIC ہے، اگر وہ ہانگ کانگ کا مستقل رہائشی ہے؛ اور

(d) آیا ایسا کوئی ثبوت یا معلومات ہے جس کی بنیاد پر حکومت کو یقین ہے کہ اس شخص کا مستقبل قریب میں ہانگ کانگ واپس جانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔]

**<u>واؤچر کی مالیت</u>**

| | **اہلیت کے معیار (A)؛ (B)(i) یا (B)(ii)؛ اور (C)پر پورا اترنے والے اندراج شدگان کے لیے** | **اہلیت کے معیار (A)؛ (B)(iii)؛ اور (C) پر پورا اترنے والے اندراج شدگان کے لیے** |
|---|---|---|
| **2022 (مرحلہ 1) کنزمپشن واؤچر سکیم کے تحت واؤچرز کے ساتھ تقسیم کیے گئے اہل اندراج شدگان** | $5,000 | اسکیم کے تحت کوئی واؤچر نہیں دیا جائے گا۔ |
| **اہل اندراج شدگان جنہیں 2022 (مرحلہ1) کنزمپشن واؤچر اسکیم کے تحت واؤچرز تقسیم نہیں کیا گیا ہے** | $10,000 | $5,000 |

**<u>رجسٹریشن، حصول، اور استعمال</u>**

اہل افراد درج ذیل سٹورڈ ویلیو فیسیلٹیز ("SVF") میں سے کسی ایک کے ذریعے واؤچرز حاصل کر سکتے ہیں: علی پے ایچ کے (Alipay HK)، بی او سی پے (BoC Pay)، آکٹوپس (Octopus )، پے می از ایچ ایس بی سی (PayMe from HSBC)، ٹیپ اینڈ گو (Tap & Go) اور oC Pay، Octopus، HSBC کی طرف سے PayMe، Tap & Go اور وی چیٹ پے (WeChat Pay HK )۔

***اندراج***

ان اندراج شدگان کے لیے جنہوں نے 2021 کنزمپشن واؤچر سکیم کے تحت کامیابی سے اندراج کروایا ہے، جب تک کہ وہ اپنے اندراج ڈیٹا میں ترمیم نہیں کرنا چاہتے (بشمول واؤچرز حاصل کرنے کے لیے SVF اکاؤنٹ)، انہیں دوبارہ اندراج کروانے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ خود بخود اسی SVF کے اکاؤنٹ کے ذریعے ان کی اہلیت کی تصدیق کے بعد متعلقہ واؤچر وصول کر لیں گے۔ اگر وہ اندراج کے ڈیٹا میں ترمیم کروانا چاہتے ہیں یا انہوں نے 2021 کنزمپشن واؤچراسکیم کے لیے کامیابی سے اندراج نہیں کروایا ہے، تو وہ اسکیم کی ویب سائٹ

(www.consumptionvoucher.gov.hk) میں مرکزی اندراج پورٹل کے ذریعے 23 جون سے 23 جولائی کے دوران آن لائن اندراج کروا سکتے ہیں۔ عارضی سروس سینٹرز میں سے ایک پر (براہ کرم سروس سینٹرز پر جانے سے پہلے اپائنٹمنٹ لینے کے لیے 3755 6833 پر کال کریں)۔

***حصول***

آکٹوپس (Octopus) منتخب کرنے والے کامیاب اندراج شدگان درج ذیل ذرائع سے واؤچرز حاصل کر سکتے ہیں:

1. ایم ٹی آر اسٹیشنوں، لائٹ ریل کسٹمر سروس سینٹرز، متعینہ پبلک ٹرانسپورٹ کے چوراہوں اور متعینہ فیری پیئرز پر سبسڈی کلیکشن پوائنٹس نصب کیے گئے ہیں۔
2. سیون الیون (7-Eleven)، سرکل کے (Circle K )، ویلکم (Wellcome)، مارکیٹ پلیس بائی جیسنز (Market Place by Jasons)، مارکیٹ پلیس (Market Place)، تھری سکسٹی (3hreesixty) اور جیسنز ایچیبا (Jasons ichiba) کے تمام آؤٹ لیٹس؛
3. آکٹوپس سروس پوائنٹس (Octopus Service Points)؛ اور
4. آکٹوپس ایپ (Octopus App)

کامیاب اندراج شدگان کے لیے، جنہوں نے علی پے ایچ کے (Alipay HK)، بی او سی پے ( BoC Pay)، پے می از ایچ ایس بی سی (PayMe from HSBC)، ٹیپ اینڈ گو (Tap & Go) اور وی چیٹ پے (WeChat Pay HK ) کو منتخب کیا ہے، ان کے کنزمپشن واؤچرز براہ راست ان کے رجسٹر شدہ SVF اکاؤنٹس میں جمع کیے جائیں گے۔

***استعمال***

کنزمپشن واؤچرزکو مقامی ریٹیل، کیٹرنگ اور سروس آؤٹ لیٹس یا ان کے آن لائن پلیٹ فارم پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مندرجہ ذیل لین دین کے آئٹمز ان میں شامل نہیں ہیں:

- حکومت کو ادائیگیاں (مثلاً ٹیکس، جرمانے، لائسنس فیس، ٹنل فیس، پارکنگ میٹرز)
- عوامی سہولیات (یعنی پانی، بجلی اور گیس) کو ادائیگیاں
- عوامی تنظیموں کو ادائیگیاں (مثلاً ہسپتال اتھارٹی، ہانگ کانگ ہاؤسنگ اتھارٹی، ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی)
- تعلیمی اخراجات (یعنی مقامی اور غیر مقامی نصاب فراہم کرنے والے پرائمری اور سیکنڈری اسکولوں کو ادائیگیاں، اور UGC کی مالی امداد سے چلنے والی یونیورسٹیاں)

- مالیاتی مصنوعات یا خدمات کی خریداری (مثلاً انشورنس)
- عطیہ (بشمول خیراتی، مذہبی اور سیاسی تنظیمیں)
- ہانگ کانگ سے باہر واقع تاجروں سے براہ راست خریداری (بشمول مقامی طور پر بنائے گئے غیر مقامی آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن خریداری)
- شخص سے شخص کی ادائیگی
- نقدی میں تبدیلی

**<u>نظام الاوقات</u>**

***$5,000 کی جملہ مالیت والے واؤچرز موصول کرنے ولے اہل اندراج شدگان***

*آکٹوپس*

| |
|---|
| **پہلا واؤچر ($2,000)** |
| 7 اگست |
| **دوسرا واؤچر ($2,000)** |
| 1 اکتوبر |
| **تیسرا واؤچر ($1,000)** |
| 16 دسمبر 2022<br>(30 نومبر 2022 تک جملہ اخراجات $4،000 تک پہنچنے کی صورت میں)<br><br>یا 16 جنوری 2023 / 16 فروری 2023 / 16 مارچ 2023 / 16 اپریل 2023 (31 دسمبر 2022 / 31 جنوری 2023 / 28 فروری 2023 / 31 مارچ 2023 تک جملہ اخراجات $ 4,000 تک پہنچنے کی صورت میں) |

واؤچرز 30 ستمبر 2023 تک جمع کر لیے جائیں۔

*علی پے ایچ کے (Alipay HK)، پے می از ایچ ایس بی بیس (PayMe from HSBC)، ٹیپ اینڈ گو (Tap & Go) اور وی چیٹ پے ایچ کے (WeChat Pay HK)*

| |
|---|
| **ادائیگی کی تاریخ** |
| **پہلا واؤچر ($2,000)** |
| 7 اگست |

| |
|---|
| **دوسرا واؤچر ($3,000)** |
| 1 اکتوبر |

واؤچرز کی میعاد 28 فروری 2023 کو ختم ہو جائے گی۔

***$10,000کی جملہ مالیت کے واؤچرز وصول کرنے والے اہل اندراج شدگان۔***

*آکٹوپس*

| |
|---|
| **پہلا واؤچر ($3,000)** |
| 7 اگست |
| **دوسرا واؤچر ($3,000)** |
| 1 اکتوبر |
| **تیسرا واؤچر ($3,000)** |
| 1 دسمبر |
| **چوتھا واؤچر ($1,000)** |
| 16 فروری 2023<br>(31 جنوری 2023 تک جملہ اہل اخراجات $9,000 تک پہنچنے کی صورت میں)<br><br>یا 16 مارچ 2023 / 16 اپریل 2023 / 16 مئی 2023 / 16 جون 2023 (کل اہل اخراجات 28 فروری 2023 / 31 مارچ 2023 / 30 اپریل 2023 / 31 مئی 2023 تک $ 9,000 تک پہنچنے کی صورت میں) |

واؤچرز 30 ستمبر 2023 تک جمع کر لیے جائیں۔

علی پے ایچ کے (*Alipay HK*)، پے می از ایچ ایس بی یس (*PayMe from HSBC*)، ٹیپ اینڈ گو (*Tap & Go*) اور وی چیٹ پے ایچ کے (*WeChat Pay HK*)

| |
|---|
| **ادائیگی کی تاریخ** |
| **پہلا واؤچر ($3,000)** |
| 7 اگست |
| **دوسرا واؤچر ($3,000)** |
| 1 اکتوبر |
| **تیسرا واؤچر ($4,000)** |

| |
|---|
| 1 دسمبر |

واؤچرز کی میعاد 30 اپریل 2023 کو ختم ہو جائے گی۔

**<u>استفسارات</u>**

براہ کرم 3755 6833 پر اسکیم کی ہاٹ لائن کو کال کریں۔ اگر آپ کو اسکیم ہاٹ لائن کے عملے کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے CHEER کی ترجمانی کی خدمت کی ضرورت ہے، تو براہ کرم 3755 6833 پر CHEER کی ہاٹ لائن سے رابطہ کریں۔